# آفس آف دی

# کنٹونمنٹ بورڈ چکلالہ

مری روڈ، چکلالہ کینٹ، راولپنڈی 051.9270160

# نیلام عام

بذریعہ اشتہار مطلع کیا جاتا ہے کہ چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ اپنے سٹور میں ضبط شدہ سامان جس میں سائن بورڈ، لوہے کہ بینچ، لکڑی، کاؤنٹر، بلڈنگ میٹریل، لکڑی کا متفرق سامان اور ناکارہ گاڑیاں (سکریپ شدہ) (جہاں ہے اور جیسے کہ بنیاد پر) نیلام عام مؤرخہ 18-06-2022 کو بوقت 12 بجے دن کر رہا ہے۔

جن حضرات کا سامان چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ کے سٹور میں ضبط شدہ ہے ان کو مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ اپنا سامان اشتہار ہذا کے 7 دن کے اندر اندر مجوزہ قانونی طریقہ کار پورا کرنے کے بعد حاصل کر لیں۔ ورنہ وہ سامان بھی بولی والے دن نیلام کر دیا جائے گا اور بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا۔

سامان کی تفصیلات دفتری اوقات میں دفتر چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ کی انفورسمنٹ برانچ سے معلوم کی جاسکتی ہیں۔

شرائط نیلام درج ذیل ہیں:

01: خواہشمند بولی دہندہ کو مبلغ -/2,00,000 روپے کا زرِ بیعانہ بصورت پے آرڈر بحق کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر، چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ میں جمع کرانا ہوگا جو کہ بولی ختم ہونے کے بعد ناکام بولی دہندگان کو موقع پر ہی واپس کر دیا جائے گا۔

02: کامیاب بولی دہندہ کو کل بولی کا ایک چوتھائی (1/4 حصہ) بولی ختم ہونے کے بعد موقع پر ہی فوراً جمع کرانا ہوگا۔ ورنہ جمع شدہ زرِ بیعانہ بحق چکلالہ کنٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگا۔

03: بولی کی منظوری ہونے پر بولی کی بقایا 3/4 رقم تین دن کے اندر جمع کرانا ہوگی۔

04: بقایا رقم جمع ہونے کے بعد 3 دن کے اندر اندر کامیاب بولی دہندہ سامان اٹھانے کا پابند ہوگا۔

05: کامیاب بولی دہندہ گورنمنٹ کے قواعد کے مطابق انکم ٹیکس ادا کرنے کا پابند ہوگا۔

نوٹ: تاریخ مقررہ پر کسی بھی وجہ سے بولی نہ ہونے کی صورت میں دوبارہ بولی مورخہ 20-06-2022 اور سہ بارہ بولی مورخہ 22-06-2022 کو منعقد کی جائیگی۔

المشتہر: **کنٹونمنٹ ایگزیکٹیو آفیسر چکلالہ کینٹ**